قبرص کے پارلیمانی وفد نے صدرِ جمہوریہ ہند سے ملاقات کی

26 نومبر، 2025

آج (نومبر 26، 2025) قبرص کی ایوانِ نمائندگان کی صدر محترمہ اینیتا ڈیمیتریف کی قیادت میں قبرص کے پارلیمانی وفد نے صدر جمہوریہ ہند محترمہ دروپدی مُرمو سے راشٹرپتی بھون میں ملاقات کی.

2. صدر جمہوریہ نے محترمہ ڈیمیتریف اور ان کے وفد کا بھارت میں استقبال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور قبرص جمہوری اقدار اور مضبوط پارلیمانی روایت کے تحت قریبی شراکت دار ہیں. انہوں نے زور دیا کہ بھارت قبرص کے ساتھ اپنی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جو مشترکہ اسٹریٹجک وژن اور باہمی احترام پر مبنی ہے.

3. صدر جمہوریہ نے اس بات پر زور دیا کہ حالیہ برسوں میں بھارت اور قبرص کے درمیان سیاسی روابط، اقتصادی تعاون، دفاعی شراکت داری اور ثقافتی تعلقات میں گہرائی آئی ہے. انہوں نے کہا کہ بھارت اور قبرص کے اقتصادی تعلقات میں توسیع کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے. انہوں نے اقوامِ متحدہ، یورپی یونین اور دولت مشترکہ کے فریم ورک سمیت کثیر الجہتی فورمز میں دونوں ممالک کے قریبی تعاون کی ستائش کی.

4. صدر جمہوریہ ہند اس بات پر خوشی جتائی کہ محترمہ اینیتا ڈیمیتریف قبرص کی ایوانِ نمائندگان کی پہلی خاتون اور سب سے کم عمر اسپیکر ہیں. انہوں نے کہا کہ یہ نہ صرف قبرص کی خواتین کے لیے بلکہ دنیا بھر کی خواتین کے لیے بھی ایک تحریک ہے. صدر جمہوریہ ہند نے انہیں بھارت میں خواتین کی بڑھتی ہوئی جمہوری شراکت داری سے آگاہ کیا. انہوں نے کہا کہ پنچایت راج کے نظام میں لاکھوں خواتین فعال طور پر عوامی زندگی کا حصہ بن رہی ہیں. پارلیمنٹ کی ایوان زیریں اور ریاستی مقننہ میں خواتین کی ایک تہائی ریزرویشن کو یقینی بنانے کے لیے ایک تاریخی ایکٹ پاس کیا گیا ہے.

5. صدر جمہوریہ نے امید ظاہر کی کہ اس دورے کے دوران قبرص کا پارلیمانی وفد بھارت کی جمہوریت اور پارلیمانی نظام کے بارے میں معلومات حاصل کرے گا. انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ اس قسم کے پارلیمانی تبادلے بھارت اور قبرص کے دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط کریں گے.

نئی دہلی
26 نومبر، 2025